مرکّب الفاظ

(Compound Word)

نیچے دیے گئے لفظوں پر غور کیجیے:

گھوڑا گاڑی	ڈاک گھر	پن چکّی
عبادت خانہ	شیش محل	گھڑسوار

یہاں ہر مثال میں دو لفظ آئے ہیں اور دونوں کے اپنے معنی ہیں۔ ''گھوڑا گاڑی'' میں ''گھوڑا'' ایک جانور اور ''گاڑی'' ایک خاص چیز ہے لیکن دونوں کے ایک ساتھ آنے سے جو نیا لفظ ''گھوڑا گاڑی'' بنا ہے، وہ ایک تیسری چیز کا نام ہے۔

''پن چکّی'' میں ''پن'' لفظ ''پانی'' کا مختصر روپ اور ''چکّی'' ایک مشین ہے۔ پن + چکّی سے جو نیا لفظ بنا ہے، وہ دونوں سے الگ اسم ہے۔

''دو مختلف معنی رکھنے والے لفظوں کے ملنے سے جو نیا لفظ بنتا ہے، اسے مرکب لفظ کہتے ہیں۔''